"زراعت کی مہارت کی جانچ کا امتحان" امتحان کے انعقاد کا طریقہ کار

ستمبر، 2019
(ترمیم : اپریل، 2020)

جنرل انکارپوریٹڈ ایسوسی ایشن ، جاپان نیشنل چیمبر آف ایگریکلچر

خصوصی مہارت کی صورت میں رہائش کی حیثیت سے متعلقہ نظام کے آپریشن سے متعلق بنیادی پالیسی" (کابینہ کا فیصلہ بتاریخ 25 دسمبر، 2018) کا آرٹیکل 3(1)ہ اور (2)ج، کی بنیاد پر قائم کیا گیا" "خصوصی ہنر یا مہارت" سے متعلقہ پالیسی (30 جنوری، 2020 جاپان امیگریشن بیورو) (ذیل میں "امتحانی پالیسی" کہلائے گی) کے تحت، زراعت کے میدان میں خصوصی مہارت نمبر1 سے متعلق خصوصی مہارت کا امتحان (ذیل میں "زراعت کی مہارت کی جانچ کا امتحان" کہلائے گا) کے مناسب انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے، درج ذیل "زراعت کی مہارت کی جانچ کا امتحان" کے امتحان کے انعقاد کا طریقہ کار وضع کیا گیا ہے ۔

1 امتحان کی آؤٹ لائن

(1) منعقد کرنے والا ادارہ

جنرل انکارپوریٹڈ ایسوسی ایشن ، جاپان نیشنل چیمبر آف ایگریکلچر (ذیل میں " جاپان نیشنل چیمبر آف ایگریکلچر" کہلائے گا ۔)

(2) امتحان کی زبان

امتحان کے انعقاد کے ملک کی مقامی زبان اور جاپانی زبان ۔

(3) طریقہ انعقاد

کمپیوٹر بیسٹ ٹیسٹنگ (CBT) طریقہ (نوٹ) نیز پیپر ٹیسٹ اسٹائل میں لیا جائے گا ۔

(نوٹ) امتحانی مرکز میں کمپیوٹر استعمال کر کے سوالات کے، جوابات دینا ہوں گے اور، اُمیدوار، بوتھ میں کمپیوٹر کی اسکرین پر دکھائے جانے والے سوالات اور ہیڈ فون کے ذریعے سنائے جانے والی ریکارڈنگ کی بنیاد پر،اسکرین پر جواب دیں گے ۔

(4) مالی سال کے لحاظ سے تعداد انعقاد، اوقات کار، اور مقام انعقاد

تعداد انعقاد، اوقات اور مقام انعقاد کے بارے میں جاپان نیشنل چیمبر آف ایگریکلچر وزارت زراعت، جنگلات اور ماہی گیری کے ساتھ باہمی مشاورت سے طے کرے گا ۔

(5) امتحان کے اہل افراد

امتحان کی تاریخ والے دن، پورے 17 سال کی عمر کے افراد ۔ تاہم، جاپان میں امتحان میں شریک ہونے والے افراد کے لیے، صرف وہ لوگ امتحان میں شرکت کے اہل ہوں گے جن کے پاس جاپان میں قیام کا اجازت نامہ موجود ہو، ماسوائے ان لوگوں کے جن کو ملک بدری کے احکامات پر نہایت بہتر طریقے سے عملدرآمد میں تعاون کرنے

پر وزیر انصاف کی احکامات پر معین کردہ غیر ملکی حکومت یا کسی علاقے کے بااختیار ادارے کا جاری کردہ پاسپورٹ نہ ہو ۔

(6) امتحان کے انعقاد کے اوقات کی بارے میں خیال رکھنے کے امور

ا۔ امتحان کی تاریخ، امتحان کا مقام، امتحان کی سیٹ کی ریزرویشن کا دورانیہ، امتحان کی فیس اور اس کی ادائیگی کا طریقہ کار، وغیرہ ، امتحان کی رجسٹریشن کے لیے ضروری امور کی معلومات، جاپان نیشنل چیمبر آف ایگریکلچر یا مندرجہ ذیل 2 (2) کی کنٹریکٹ پر چلائی جانے والی ویب سائٹ (ذیل میں "خصوصی ویب سائٹ" کہلائی جائے گی ۔) پر پوسٹ کر دی جائیں گی ۔ امتحان کی رجسٹریشن بنیادی اصول کے تحت خصوصی ویب سائٹ سے امتحان کی ریزرویشن کے ذریعے کروانا ضروری ہے ۔

ب۔ بیرون ملک امتحان کا انعقاد، متعلقہ ملک کے مقامی قوانین اور ضوابط کی تعمیل کرتے ہوئے کیا جائے گا ۔

ج۔ امتحانی پالیسی کے مطابق، اگر آپ نے امتحان پاس کر بھی لیا تب بھی اس بات کی ضمانت نہیں ہے کہ آپ کو "خصوصی ہنرمند یا مہارت" کے رہائشی کی حیثیت دی جا سکے گی یا نہیں، بلکہ اگر امتحان پاس کرنے والے اُمیدواروں نے رہائشی کی حیثیت کی اہلیت کا سرٹیفیکیٹ جاری کرنے کی درخواست یا پھر رہائشی کی حیثیت کی تبدیلی کے لیے درخواست بھی دی ہے تو بھی، یہ ضروری نہیں کہ آپ کو رہائشی کی حیثیت کا سرٹیفیکیٹ جاری کر دیا جائے گا یا رہائشی کی حیثیت کی تبدیلی کی اجازت دے دی جائے گی ۔ علاوہ ازیں، اگر جاری کردہ رہائشی کی حیثیت کا سرٹیفیکیٹ وصول کر بھی لیا تو بھی، ویزا درخواست کے بارے میں الگ سے وزارت خارجہ کے ذریعے جانچ پڑتال کی جاتی ہے، اور یہ ضروری نہیں ہے کہ لازمی ویزا مل ہی جائے گا، نیز یہ کہ اس بات کا تذکرہ امتحانی گائیڈ بُک میں بھی کیا گیا ہے ۔

(7) امتحان میں پاس یا فیل کی اطلاع کا طریقہ کار

امتحان کے انعقاد کے بعد 5 کام کے دنوں کے اندر اندر، خصوصی ویب سائٹ کے ذریعے، امتحان کے اُمیدوار کا نام، امتحان کا نام، امتحان کی تاریخ، تصویر، مجموعی حاصل کردہ نمبر، پاس یا فیل وغیرہ کی معلومات اسکور رپورٹ کے طور پر وصول کیے جانے کا انتظام کیا گیا ہے ۔

## 2 امتحان کے انعقاد کا نظام

(1) امتحانی سوالات تیار کرنے کا نظام

جاپان نیشنل چیمبر آف ایگریکلچر سوالات تیار کرنے کے لیے، زرعی انتظامیہ، ٹیکنالوجی، بیرون ملک سے اعلیٰ تعلیم یافتہ ماہرین پر مشتمل ایک کمیٹی (ذیل میں "کمیٹی" کہلائی جائے گی ۔)، تشکیل دینے کے ساتھ ساتھ، کھیتی باڑی اور مویشیوں کی زراعت کی جاپانی زبان میں خصوصی ذیلی کمیٹی تشکیل دیتا ہے ۔ماہرین کی ذیلی کمیٹی، بنیادی نکات 3 سے 5 تک میں وضع کیے گئے مندرجات کی بنیاد پر امتحانی سوالات تیار کرتی ہے اور کمیٹی کی تصدیق حاصل کرکے، امتحانی سوالات کو حتمی شکل دیتی ہے ۔

(2) امتحان کے انعقاد کا نظام

جاپان نیشنل چیمبر آف ایگریکلچر، (1) کے سوالات استعمال کرتے ہوئے مہارت کی جانچ کے امتحان کا انعقاد کرتا ہے ۔ مزید براں، امتحان کے انعقاد کے حوالے سے، وزارت زراعت، جنگلات اور ماہی گیری کی منظوری لے کر ممکن ہے کہ کچھ حصہ دیگر نجی اداروں، وغیرہ کے سپرد بھی کیا جائے ۔

(3) امتحان کو مناسب طریقے سے چلانے اور پایہ تکمیل تک پہنچانے کا نظام

- جاپان نیشنل چیمبر آف ایگریکلچر، امتحان کے انعقاد کے بعد وزارت زراعت، جنگلات اور ماہی گیری کو امتحان کے انعقاد کی صورت حال سے آگاہ کرے گا، اور حسب ضرورت رہنمائی اور نگرانی حاصل کرے گا ۔
- جاپان نیشنل چیمبر آف ایگریکلچر، سال میں تقریباً 1 بار کمیٹی سے امتحان کے نتائج اور پروجیکٹ کے انعقاد کی صورت حال کے ذریعے پروجیکٹ کے مؤثر ہونے کے جائزے کا اہتمام کرے گا ۔
- جاپان نیشنل چیمبر آف ایگریکلچر، بدعنوانی کا ارتکاب کرنے والے اُمیدواروں کے خلاف، امتحان کے نتائج (بشمول ماضی میں شرکت کیے گئے امتحانات) کو معطل کرنے جیسے اقدامات کر سکتا ہے ۔

3 امتحان کا معیار

اگر اُمیدوار کو جاپان میں 3 سال سے زائد عملی کام کا تجربہ ہے تو تقریباً 70 فیصد پاس کرنے کا معیار (زراعت کاشت کاری اور زراعت مویشیاں کی تکنیکی عملی تربیت کے لحاظ سے زرعی مہارت عملی تربیت جائزہ امتحان (پروفیشنل گریڈ) کے تقریباً برابرلیول) ۔

4 امتحان کے مضامین

یہ امتحان ایک تعلیمی اور عملی امتحان پر مشتمل ہے (بشمول کام کے لیے ضروری جاپانی زبان کی قابلیت کا جانچ کرنا)، امتحان میں آنے والے سوالات کی حدود مندرجہ ذیل ہے ۔ مزید براں، امتحان کا وقت 60 منٹ ہے، اور امتحانی سوالات کی تعداد تقریباً 70 سوالات ہیں (بشمول وہ سوالات جو درست جوابات کی شرح، وغیرہ کا تجزیہ کرنے کے لیے حاصل کردہ نمبروں سے مشروط نہیں ہیں، وغیرہ)

(1) جملہ زراعت کاشت کاری

① تعلیمی شعبہ جات

- عمومی زراعت کاشت کاری
- سیفٹی اور حفظان صحت
- کاشت کی جانے والی فصلوں کی اقسام اور خصوصیات
- کاشت کا ماحول (سہولیات و عمارت، آلات، میٹیریل، مشینری)
- کاشت کا طریقہ کار اور انتظام
- کیڑوں اور خودرو پودوں کی تلفی
- فصل کی کٹائی، کانٹ چھانٹ، اسٹوریج اور ترسیل، وغیرہ

② عملی مہارت (خاکے اور تصاویر کی مدد سے تعین کرنا)

- زمین کا مشاہدہ
- کھاد اور زرعی ادویات کی ہینڈلنگ
- بیجوں کا انتظام
- ماحول کی دیکھ بھال، میٹیریل، آلات، اور مشینری کی ہینڈلنگ
- کاشت سے متعلق کام
- سیفٹی اور حفظان صحت، وغیرہ

③ جاپانی زبان

- جاپانی زبان میں دی گئی زراعت کے کام کی ہدایات کی تفصیلات، وغیرہ کو سُننا ۔

(2) جملہ زراعت مویشیاں

① تعلیمی شعبہ جات

- عمومی مویشیوں کی زراعت
- سیفٹی اور حفظان صحت
- مختلف اقسام
- افزائش نسل اور حیض
- چارے کا انتظام، وغیرہ

② عملی مہارت (خاکے اور تصاویر کی مدد سے تعین کرنا)

- ایک ایک جانور کو سنبھالنا
- ایک ایک جانور کا مشاہدہ کرنا
- چارے کا انتظام اور آلات کی ہینڈلنگ
- پیداواری مصنوعات کی ہینڈلنگ
- سیفٹی اور حفظان صحت، وغیرہ

③ جاپانی زبان

- جاپانی زبان میں دی گئی زراعت کے کام کی ہدایات کی تفصیلات، وغیرہ کو سُننا ۔

5 پاس یا فیل کا معیار

مجموعی حاصل کردہ نمبر جاپان نیشنل چیمبر آف ایگریکلچر کے وضع کردہ معیاری نمبروں سے زیادہ ہونے چاہئیں ۔

6 امتحان میں بدعنوانی کی روک تھام کے اقدامات

امتحان دینے والے اُمیدواروں کی تعداد کے مطابق نگران امتحان ان کو ترتیب سے بٹھائے گا اور مناسب طریقے سے امتحان کا انعقاد کیا جائے گا ۔

علاوہ ازیں، امتحان میں بدعنوانی کی روک تھام کے اقدامات جیسا کہ نگران امتحان کی ٹریننگ، امتحانی پرچہ سوالات کی سخت نگرانی، پاسپورٹ، وغیرہ کے ذریعے اُمیدوار کی شناخت، روک تھام اور ساتھ رکھنے کی اشیاء کا معائنہ، سمارٹ فون جیسے مواصلاتی فنکشن والے موبائل انفارمیشن آلات کی روک تھام، وغیرہ جیسے اقدامات پر عمل درآمد کیا جائے گا ۔

7 امتحان کے نتائج کی اشاعت کا طریقہ کار

امتحان کے انعقاد کے مہینے کے لحاظ سے، تاریخ امتحان یا مقام وغیرہ کی تفصیلات اور امتحان کے اُمیدواروں کی تعداد، معیاری نمبر حاصل کرنے والے اُمیدواروں کی شرح کے امتحان کے نتائج کا ڈیٹا، جاپان نیشنل چیمبر آف ایگریکلچر کے زیر اہتمام ویب سائٹ پر شائع کر دیا جائے گا ۔

مزید براں، ہر مالی سال کے اختتام پر، وزارت انصاف کو بِلا تاخیر امتحان منعقد کرنے کی صورت حال کی رپورٹ (بشمول منعقد کیے جانے والے امتحان کی تفصیلات اور نتائج کی سمری) جمع کرانا ہوگی اور وزارت انصاف کی تصدیق کے بعد، اس رپورٹ کو شائع کر دیا جائے گا ۔

8 دیگر ضروری امور

(1) اسکور رپورٹ کی کارآمد رہنے کی آخری تاریخ

حاصل کردہ نمبروں کی رپورٹ کے کارآمد ہونے کی تاریخ انتہا امتحان کی تاریخ سے 10 سال بعد تک ہے ۔
تاہم، جاپان نیشنل چیمبر آف ایگریکلچر کے پاس امتحان کے نتائج کے ڈیٹا کو محفوظ رکھنے کی میعاد 5 سال تک ہے ۔

(2) اسکور رپورٹ کا دوبارہ اجراء

اسکور رپورٹ، مندرجہ بالا 8(1) میں وضع کردہ امتحان کے نتائج کے ڈیٹا کو محفوظ رکھنے کی مدت کے دوران، معین کردہ ویب سائٹ سے کسی بھی وقت حاصل کیا جا سکتا ہے ۔

(3) ذاتی معلومات کا تحفظ

جاپان نیشنل چیمبر آف ایگریکلچر، زراعت کی مہارت کی جانچ کا امتحان تیار کرنے اور اس کا انعقاد کروانے کے لیے حاصل کی جانے والی ذاتی معلومات کے حوالے سے، متعلقہ قوانین کے مطابق موزوں طریقے سے سنبھال کر رکھتا ہے ۔